صوبائی اسمبلی پنجاب

موجودہ اسمبلی کی منظور کردہ قراردادوں کا مکمل متن

8مارچ2024تا16اپریل2024

قرارداد نمبر	اجلاس نمبر	محرک	متن قرارداد	تاریخ منظوری
1.	3	سید علی حیدر گیلانی (پی پی۔213)	6مارچ2024کادن پاکستان کی عدالتی اور سیاسی تاریخ میں ایک انتہائی اہم دن ہے جب پاکستان کی سپریم کورٹ نے بانی پاکستان پیپلز پارٹی، پاکستان کے پہلے منتخب وزیر اعظم اور پاکستان کو متفقہ جمہوری آئین دینے والے چیئرمین اسلامی سربراہ کانفرنس، جناب ذوالفقار علی بھٹو شہید کے خلاف مقدمہ قتل میں دی گئی سزائے موت کے حوالے سے قرار دیا ہے کہ جناب بھٹو کو مقدمے میں فیئر ٹرائل نہیں دیا گیا۔ یوں سپریم کورٹ نے اپنے ہی 44 سالہ پرانے فیصلے کو مسترد کر دیا ہے۔ دُنیا کے ممتاز قانون دان اور پاکستانی عوام پہلے ہی جناب بھٹو کی سزائے موت کو عدالتی قتل قرار دے چکے تھے۔ اس کے علاوہ پاکستانی عدالتوں میں بھی بھٹو شہید کے خلاف مقدمہ قتل کو کبھی بھی نظیر کے طور پر پیش نہیں کیا گیا۔ اگرچہ بھٹو صاحب کی شہادت نے پاکستانی سماج، ریاست اور سیاست کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے اور آج بھی اس کے اثرات محسوس کئے جاسکتے ہیں لیکن یہ امر اطمینان بخش ہے کہ ان کے خلاف کی گئی ناانصافی کو تسلیم کر لیا گیا ہے کہ ایک فوجی ڈکٹیٹر نے اپنے غاصبانہ اقتدار کو طول دینے کے لئے ایک محبوب اور مقبول سیاسی رہنما کو عدالتوں کے ذریعے جسمانی طور پر ختم کرنے کی سازش کی۔ صوبہ پنجاب کا منتخب ایوان جناب ذوالفقار علی بھٹو شہید کو خراج عقیدت پیش کرتا ہے اور ان کے عظیم کارناموں کو سراہتا ہے، نیز ذوالفقار علی بھٹو کو قومی ہیرو قرار دینے کی سفارش کرتا ہے۔	8مارچ2024
2.	3	محترمہ عظمیٰ کاردار (ڈبلیو۔322)	یہ ایوان خواتین ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کے عالمی دن پر تمام محنت کش خواتین کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ یہ سال پاکستان کے لیے خصوصی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ صوبہ پنجاب کی عوام نے ایک خاتون وزیر اعلیٰ کو بھرپور اکثریت سے چن کر تاریخ رقم کی ہے اور پوری دُنیا کو یہ باور کروایا ہے کہ پاکستان میں خواتین کو ہر لحاظ سے برابری کی سطح پر اعلیٰ سے اعلیٰ ذمہ داری میں شراکت دار بنایا جاتا ہے۔ محترمہ مریم نواز شریف کو یہ ایوان اس موقع پر مبارک باد پیش کرتا ہے، ان کی بطور وزیر اعلیٰ تعیناتی سے نہ صرف صوبہ پنجاب بلکہ پاکستان کی تمام خواتین کا سر فخر سے بلند ہو گیا ہے اور وہ اپنے آپ کو پہلے سے زیادہ پر اعتماد محسوس کرتی ہیں۔ انشااللہ ان کی سربراہی میں پاکستان کی خواتین سماجی، سیاسی اور معاشی ہر لحاظ سے ترقی کی راہ پر گامزن ہوں گی اور ملکی معیشت میں اپنا حصہ ڈالیں گی۔ وہ دن دور نہیں جب قائداعظم کا فرمان کہ جب تک آپ خواتین کو شانہ بہ شانہ لے کر نہیں چلیں گے پاکستان کبھی ترقی نہیں کر پائے گا۔ ایک حقیقت کا روپ دھار کر پورا ہو گا۔	8مارچ2024
3.	7	محترمہ موتیا بیگم (ڈبلیو۔319)	اس ایوان کی رائے ہے کہ پاکپتن میں بابا فرید یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے، جس میں سائنس و ٹیکنالوجی کی تعلیم و دیگر عصری تقاضوں کے مطابق تعلیم کا بندوبست کیا جائے تاکہ فارغ التحصیل طلباء و طالبات کے لئے روزگار کا حصول آسان ہو۔	16اپریل2024
4.	7	محترمہ زرناب شیر (پی پی۔40)	اس ایوان کی رائے ہے کہ ضلع منڈی بہاؤالدین کے گاؤں ڈھوک نواں لوک میں عطیہ کی گئی اراضی پر جلد از جلد دانش سکول سسٹم کے تحت سکول تعمیر کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں تاکہ وہاں کے مستحق بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا جائے۔	16اپریل2024